**بسم اللہ الرحمن الرحیم**

# عمرہ وحج پر جانے والے اللہ تعالیٰ کے معزز ومقرب مہمانوں کیلئے مختصر جامع اور اہم ہدایات

1۔عمرہ وحج پر جانے والے جو کہ مکہ سے باہر کے رہنے والے ہوں کیلئے میقات سے گزرنے سے پہلے احرام باندھنا ضروری ہے۔

2۔غسل کریں یا اگر غسل کا موقع نہ ہو تو وضو کریں۔

3۔اپنے سلے ہوئے کپڑے اتار دیں۔ایک چادر سے لنگ بنالیں اور دوسری چادر اپنے اوپر کندھوں پر اوڑھ لیں۔

نوٹ:- احرام کا یہ لباس صرف مردوں کیلئے ہے۔عورتیں اپنے لباس میں رہینگی۔

4۔اگر موقع اور وقت ہو تو دو رکعت نماز پڑھ لیں۔

5۔اب مرد سر سے چادر یا ٹوپی جو بھی سر پر ہو ہٹا دیں اور سر ننگا کر کے عمرہ یا حج کی نیت کرے "یا اللہ میں تیری رضا کیلئے عمرہ یا حج یا دونوں کا نیت کرتا/ کرتی ہوں تو میرے لئے اسے آسان بنادے اور میرے سے قبول فرما"۔

6۔اب مرد بلند آواز سے اور عورتیں آہستہ آواز سے تلبیہ کہیں۔

تلبیہ:- لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ ط لَبَّيْكَ لاَ شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ ط اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ ط لاَ شَرِيْكَ لَكَ ط

7۔اب آپ محرم ہو چکے یعنی حالت احرام میں داخل ہو گئے اس لئے اب کچھ پابندیاں لازمی ہو گئی ہے یعنی بال نہ کاٹنا، ناخن نہ تراشنا، جھگڑا نہ کرنا، فحش بات اور کام نہ کرنا، شکار نہ کرنا، خوشبو نہ لگانا، نکاح نہ کرنا، موذی جانوروں کے علاوہ دیگر جانوروں کو نہ مارنا، حرم کے درخت وگھاس نہ کاٹنا، جھوٹ نہ بولنا، ظلم نہ کرنا، گناہ سے بچنا، گناہ کے کام میں مدد نہ دینا۔

**صرف مردوں کیلئے:-**

مردوں کیلئے سر اور منہ نہ چھپانا، سلے ہوئے کپڑے نہ پہننا، قمیص نہ پہننا، پگڑی نہ باندھنا، شلوار نہ پہننا، برساتی نہ اوڑھنا، موزے نہ پہننا مگر جس کے پاس جوتے نہ ہو وہ موزے پہن لیں مگر ٹخنوں کے نیچے سے اس کو کاٹ لیں۔

**صرف عورتوں کیلئے:-**

عورتیں نقاب نہ اوڑھے، دستانے نہ پہنیں، زعفران اور ورس لگی کپڑے نہ پہنیں، مردوں کے سامنے پردہ کریں۔

8۔خانہ کعبہ پہنچنے اور طواف شروع کرنے کے وقت تک تلبیہ، ذکر اور دُعائیں کرتے جائیں۔

9۔تلبیہ کے مروجہ کلمات کے علاوہ رسول اللہ ﷺ یہ کلمات بھی کہتے۔

لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ ط لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُفِيْ يَدَيْكَ لَبَّيْكَ وَالرَّغْبَآءُ اِلَيْكَ وَالْعَمَلَ ط

10۔تلبیہ کے بعد رسول اللہ ﷺ اللہ کی رضا، جنت کیلئے رحمت کے ساتھ، آگ یعنی دوزخ سے نجات کیلئے دعائیں کرتے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ رِضَاكَ وَالجَنَّةَ وَاَعُوْذُ بِرَحْمَتِكَ مِنَ النَّار ط

11۔مکہ مکرمہ پہنچ کر تھوڑا آرام کریں باوضو ہو کر ساتھیوں کے ساتھ مسجد حرام روانہ ہوں۔راستے کی نشانیاں واپسی کیلئے یاد رکھے مسجد حرام کے جس دروازے سے داخل ہوں اُس کا نام/ نمبر یاد رکھیں۔

12۔مسجد حرام میں داخل ہوتے وقت اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ یہ کلمات پڑھ کر دائیں پاؤں سے داخل ہو جائیں۔

13۔جب خانہ کعبہ نظر آئے تو مندرجہ ذیل کلمات کہیں۔

۱۔اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لاَ اِله اِللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْد ط

۲۔اَللّٰهُمَّ زِدْ، هذَا لبَيْت ، تَشْرِيْفًا ، وَ تَعْظِيْمًا ، وَتَكْرِيْمًا ، وَمَهَابَةً۔

اے اللہ اس گھر کو اور زیادہ عزت وعظمت اور بزرگی اور رعب عطا فرما۔

۳۔اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلاَمُ وَمِنْكَ السَّلاَمُ حَيُّنَا رَبَّنَا بِا السَّلاَمِ اَللّٰهُمَّ زِدْ، هذَا لبَيْتَ ، تَشْرِيْفًا ، وَ تَعْظِيْمًا ، وَتَكْرِيْمًا ، وَمَهَابَةً۔

۴۔وَزِدْ مَنْ حَجَّهُ اَوِ عْتَمَرَهُ تَكْرِيْمًا ، وَتَشْرِيفًا ، وَتَعْظِيْمًا وَبِرًّا

اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں، دُعائیں مانگیں، معافیاں مانگیں، پھر حجر اسود کی طرف چلیں۔

14۔حجر اسود پہنچ کر:-

۱۔ تلبیہ بند کریں۔

۲۔ حجر اسود سے بائیں طرف کھڑے ہو کر مرد اوپر والی چادر دائیں بغل کے نیچے سے نکال کر بائیں کندھے پر ڈالیں یعنی اضطباع کریں۔

۳۔ طواف کی نیت کر کے حجر اسود کے سامنے آکر استلام کریں۔اور یہ کلمات کہہ کر طواف شروع کریں۔

بسم اللّٰہ ، اللّٰہ اکبر ، و لِلّٰهِ الحَمْد

طواف خانہ کعبہ کے سات مکمل چکر لگانے کو کہتے ہیں۔اس طرح طواف کے ہر چکر میں حجر اسود کا

اسی طرح استلام کریں۔

۴۔ خانہ کعبہ کو اپنے بائیں طرف کر کے طواف شروع کریں۔مرد پہلے تین چکروں میں رمل (یعنی اکڑ اکڑ کر) چلے اور آخری چار چکروں میں عام چال سے چلیں۔

۵۔ عورتیں طواف کے ساتوں چکر عام چال سے کریں۔عورتیں مردوں کے ہجوم سے اور بے پردگی سے خود کو بچائیں۔

15۔طواف کے ہر چکر میں جو ذکر اذکار اور دُعائیں یاد ہوں کریں۔ ہر چکر میں حجر اسود پر پہنچ کر استلام کریں۔اس طرح ایک طواف میں خانہ کعبہ کے سات چکروں میں آٹھ دفعہ استلام ہوگا۔

16۔دوران طواف مندرجہ ذیل اذکار و دُعائیں مسنون ہیں۔

ا۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلاَ اِلَهَ اِلَّااللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہ۔

۲۔ رکن یمانی پر اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَا وَالْعَافِيَةَ فِیْ الدُّنْيَا وَلاَخِرَة پڑھیں۔

۳۔ رکن یمانی سے حجر اسود تک رَبَّنَا اٰتِنَا فِیْ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِیْ الاَخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّار وَاَدخِلْنَا الجَنَّةَ مَعَ الابرار يَا عَزِيْزُ يَا غَفَّار يَا رب العلَمِيْن۔ پڑھیں۔

17۔ ساتویں چکر کے اختتام پر اگر موقع ہو تو مُلتزم جو کہ حجر اسود اور خانہ کعبہ کے دروازے کے درمیان ہے کے قریب جا کر دُعائیں مانگیں اور اضطباع بھی ختم کریں۔

18۔اسکے بعد دو رکعت واجب الطّواف نماز مقام ابراھیم کے قریب یا مقام ابراھیم کو اپنے اور خانہ کعبہ کے درمیان کر کے پڑھیں اگر ہجوم زیادہ ہو تو مسجد حرام میں کسی بھی جگہ پڑھ لیں نماز کے بعد خوب دُعائیں مانگیں

19۔اس کے بعد خوب جی بھر کے آب زم زم پی لیں اور دیگر دُعاؤں کے ساتھ یہ دُعا بھی کریں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَّرِزْقًاوَّ اسِعًا وَشَفَاً مِنْ كُلِّ داۤءٍ۔

20۔اب سعی کیلئے صفا جاتے ہوئے حجر اسود کا (نواں) استلام کریں۔

21۔صفا مروہ کی اب پہاڑی اور چوٹیاں نہیں رہی دونوں کے درمیان برآمدہ ہے صرف پہاڑیوں کے نشان کے طور پر تھوڑی سی جگہ اپنی ہی حالت میں موجود ہے۔صفا پر چڑھ کر خانہ کعبہ کی طرف دیکھ کر سعی کی نیت کریں صفا سے مروہ تک ایک پھیرا ہے مروہ سے پھر صفا تک دوسرا پھیرا ہے اسطرح پہلا پھیرا صفا سے شروع ہو کر ساتواں پھیرا مروہ پر ختم ہوگا۔

22۔صفا پہنچ کر خانہ کعبہ کی جانب منہ کر کے یہ پڑھیں

ا۔اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِاللّٰه ۔ وَبْدَاءُ بِمَا بَدَءَ اللّٰهُ بِهِ ۔

۲۔لاَ اِلَهَ اِلَّااللّٰهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَا عَلَى كُلِّ شِيْئٍی قَدِيْر۔

تین دفعہ پڑھ کر دُعا کریں اور سعی شروع کریں۔مرد سبز لائٹوں کے درمیان تیز چلیں گے جب کہ عورتیں اپنی عام چال چلینگی۔مروہ پر پہنچ کر اسی طرح ذکر اور دُعائیں کرتے ہوئے واپس صفا کی طرف روانہ ہوں۔ساتواں پھیرا مروہ پر ختم ہوگا۔

23۔اب صرف عمرہ کرنے والے، حج تمتع کرنے والے سر کا حلق (یعنی حجامت) یا قصر کر کے حلال ہو جائیں۔

عورتیں سارے بالوں کو ہاتھ میں پکڑ کر صرف آخری سرے سے انگلی کے پور کے برابر بال کاٹ لیں۔انکا عمرہ پورا ہوا اور اب احرام سے نکل جائیں۔

حج تمتع والے جو پہلے صرف عمرہ کی نیت کرتے ہیں احرام کے کپڑے تبدیل کریں احرام کی پابندی ختم ہوگئی۔مبارک ہو آپ کا عمرہ مکمل ہوا۔باقی کے عمرے بھی اس ہی طرح ادا کیے جاسکتے ہیں۔ آپ میقات پہنچ کر اگلا عمرہ ادا کر سکتے ہیں۔

حج قران والے (جو حج اور عمرہ کیلئے ایک ہی احرام باندھتے ہیں) حج تک احرام میں رہینگے جب کہ حج تمتع والے 8 ذی الحجہ کو حج کیلئے احرام باندھیں گے۔

**24۔عمرہ میں دو فرض ہیں۔**

ا۔احرام (مرد کیلئے احرام کی چادریں پہننا) نیت کرنا، تلبیہ کہنا۔

۲۔بیت اللہ کا طواف کرنا (یعنی سات چکر لگانا)

**دو واجب ہیں۔**

ا۔صفا مروہ کی سعی کرنا (یعنی سات پھیرے لگانا)

۲۔حلق یا قصر کرنا (سر کے بال کاٹنا)۔

**دو سنتیں صرف مردوں کیلئے ہیں۔**

ا۔ اضطباع

۲۔ رمل

---

## استدعا

حج یا عمرہ میں اپنی خصوصی دعاؤں میں
مجھے، میرے خاندان اور تمام مسلمانوں
کو بھی یاد رکھیں۔
آپکا خیر خواہ: الحاج فضل حبیب